نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کا کسان دوست اقدام

کاشتکاروں کو اپنے بجٹ کے مطابق متوازن کھادوں کے استعمال کی رہنمائی کیلئے" کھادحساب" موبائل ایپ کا اجراء۔

کھادحساب موبائل ایپ کے استعمال سے کاشتکاروں کی رقم ضائع نہیں ہوتی اور متوازن کھادوں کا استعمال درست طور پر کرنے میں جدید ٹیکنالوجی سے راہنمائی حاصل ہوتی ہے ۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور05 جنوری2023:ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ کی ہدایت پر محکمہ نے کاشتکاروں کے دستیاب بجٹ کے مطابق فصلات میں کھادوں کے متوازن استعمال کے فروغ کے لئے موبائل ایپ" کھادحساب" کا اجراء کیا ہے۔کھادحساب موبائل ایپ کو کاشتکار اپنے موبائل پلے سٹور پر SFRI لکھ کرڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں جبکہ اس مفید اور آسان موبائل ایپ کا استعمال جاننے کے لیے محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے شارٹ ویڈیوڈاؤن لوڈ کر کے بھی رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے ۔ترجمان محکمہ زراعت نے مزید کہا ہے کہ زرعی ماہرین کے مطابق فصلوں کی بھر پور پیداوار کے حصول کے لئے کھادوں کا متوازن استعمال مٹی کے لیبارٹری تجزیہ کی روشنی میں کرنا نہایت ضروری ہے۔تحقیق سے یہ بات ثابت ہے کہ ہر کھاد ایک خاص کام کرتی ہے۔نائٹروجنی کھادیں (یوریا،امونیم سلفیٹ اورامونیم نائٹریٹ)فصل کے قد میں اضافہ کرتی ہیں۔فاسفورسی کھادیں (ڈی اے پی،ایس ایس پی اور نائٹروفاس)پودوں کی جڑوں کو بڑھاتی اور مضبوط کرتی ہیں اوراس کے استعمال سے گندم کے شگوفے زیادہ ،سٹے یکساں اوردانے موٹے بنتے ہیں جس سے پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔پوٹاش کھادیں (ایس او پی اورایم او پی)پودوں کو صحت منداور بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہیں۔کھادوں کے متوازن استعمال سے فصل پانی کی کمی اورکورے کے مضر اثرات سے بھی محفوظ رہتی ہے۔اس لئے محکمہ زراعت پنجاب نے کاشتکاروں کی راہنمائی کے لئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے موبائل ایپ" کھادحساب" کا اجراء کیا ہے جس کے ذریعے کاشتکاروں کو سہولت فراہم کی گئی ہے کہ وہ اپنے دستیاب بجٹ کے مطابق اپنی فصل کے لئے متوازن کھادوں کا تعین کر سکتے ہیں۔کھادحساب موبائل ایپ کے استعمال سے متوازن کھادوں کے استعمال کو فروغ ملے گا اور کاشتکار اپنے بجٹ کے مطابق نائٹروجنی، فاسفورسی اور پوٹاش کھادوں کا حساب لگانے کے بعد ان کے متوازن استعمال کرسکیں گے جس سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆